وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

وفاقی محتسب کا ادارہ غریب اور پسماندہ طبقے کے لئے ہمہ تن خدمات انجام دے رہا ہے

ہمارے پریس کا کردار قابل تعریف ہے، وفاقی محتسب

............کرائم رپورٹرز ایسوسی ایشین کے وفد سے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی گفتگو

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ ان کے ادارے کی اعلیٰ کارکردگی میں میڈیا کا اہم کردار ہے، میڈیا کے ذریعے عوام الناس کو وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی ہوئی اور ہم اس قابل ہوئے کہ سال 2022ء کے دوران 157,770 شکایات کے فیصلے کئے جب کہ اس سال 164,174 شکایات موصول ہوئیں جو ایک ریکارڈ ہے، 2021ء کے مقابلے میں 49% زیادہ شکایات آئیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے قیام کا مقصد سرکاری اداروں میں بدانتظامی کا خاتمہ ہے، بدانتظامی اور کمزور گورننس ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں جس سے زیادتیاں، اقربا پروری اور رشوت ستانی جنم لیتی ہے اور اس کے نتیجے میں سب سے پہلا قتل میرٹ کا ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بدانتظامی کا خاتمہ دراصل انسانی حقوق، قانون کی پاسداری اور گڈ گورننس کا ضامن ہے۔اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ میڈیا نے وفاقی محتسب کی سرگرمیوں اور فیصلوں کو عوام تک پہنچا کر ان کے اندر آگہی پیدا کی، عام لوگوں کو میڈیا کے ذریعے معلوم ہوا کہ وہ مفت اور فوری انصاف کے حصول میں وفاقی محتسب سے بلا روک ٹوک رجوع کر سکتے ہیں۔ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالنے کے لئے میڈیا اہم کردار ادا کر سکتا ہے، جو ادارے اچھا کام کر رہے ہیں میڈیا کو انہیں اجاگر کرنا چاہیئے تا کہ لوگوں کو آگاہی ہو۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ برس کھلی کچہریوں اور دفاتر کے دوروں کے نئے پروگرام شروع کئے جو بہت کامیاب رہے۔مجموعی طور پر سال 2022ء کے دوران 3 ارب سے زائد مالیت کے تنازعات کے بارے میں شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز کرائم رپورٹرز ایسوسی ایشین کے ایک وفد کے مطالعاتی دورے کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں چونکہ چلڈرن محتسب نہیں اس لئے وفاقی محتسب میں بارہ کروڑ بچوں کے مسائل کے حل کے لئے ''قومی کمشنر برائے اطفال'' کے نام سے ایک الگ شعبہ کام کر رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ 24 جنوری 2023ء کو وفاقی محتسب اپنے قیام کے چالیس سال پورے کر چکا ہے، اس دوران وفاقی محتسب نے 19 لاکھ سے زیادہ شکایات کا مفت ازالہ کیا، وفاقی محتسب کے چالیس سال مکمل ہونے پر پاکستان پوسٹ نے ایک یادگاری ٹکٹ بھی جاری کیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے تفتیشی افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ تحصیل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز سمیت ملک کے دور دراز علاقوں میں جا کر عوام الناس کو ان کے گھروں کے قریب مفت اور فوری انصاف فراہم کریں۔ہمارے افسران نے سال 2022ء میں ملک بھر کے تحصیل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر جا کر 50487 شکایات کا ازالہ کیا۔اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ ہم نے 90 لاکھ کے لگ بھگ بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات کے ازالہ کے لئے ایک ''شکایات کمشنر'' مقرر کر رکھا ہے۔علاوہ ازیں وفاقی محتسب نے ملک کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر ون ونڈو ڈیسک قائم کر رکھے ہیں جہاں بیرون ملک پاکستانیوں سے متعلق بارہ اداروں کے ذمہ داران چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور موقع پر ہی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔2022ء کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 137,423 شکایات نمٹائی گئیں جو کہ سال 2021ء کے مقابلے میں 133 فیصد زیادہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سترہ بڑے شہروں میں ہمارے علاقائی دفاتر کام کر رہے ہیں۔حال ہی میں وانا (جنوبی وزیرستان) اور صدہ ضلع کرم میں بھی دو ذیلی دفتر قائم کئے گئے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

07 فروری 2023ء